# (۲)

نام کتاب : ماں کی عظمت

مرتب : مولانا جمیل احمد بالاکوٹی

ضخامت:224 صفحات ۔ قیمت :100روپے

ناشر: القاسم اکیڈمی' جامعہ ابوہریرہ' خالق آباد' نوشہرہ

ملنے کا پتہ: (1) جامعہ حنفیہ تعلیم القرآن' سرائے عالمگیر

(2) مکتبہ سید احمد شہید' 10-الکریم مارکیٹ' اردو بازار لاہور

اسلام میں والدین کو بڑا اونچا مقام دیا گیا ہے۔ والدین میں سے پھر ماں کا درجہ باپ سے بھی بلند کر دیا گیا ہے۔ ماں باپ کی خدمت سعادت مندی کی علامت ہے جبکہ ان کی ناراضگی انتہائی بدنصیبی ہے۔ ''ماں کی عظمت'' کے مصنف مستند عالم دین' باصلاحیت اہل قلم نوجوان ہیں۔ دس سال قبل جب ان کی والدہ مرحومہ کا انتقال ہوا تو ماں کی جدائی کے صدمے سے متاثر ہوئے اور اپنے جذبات کے اظہار کو کتابی شکل دے دی جو بہت سے نوجوانوں کے لئے پند و نصائح اور عبرت کا باعث بنی۔

کتاب چونکہ پُرخلوص جذبات کے تحت لکھی گئی ہے اور مصنف اہل علم و قلم بھی ہے اس لئے قارئین کے لئے مؤثر اور عبرت انگیز ہے۔ اس کتاب میں ماں کی فضیلت قرآن و حدیث کی روشنی میں بیان کی گئی ہے۔ پھر ماں کی خدمت' اطاعت اور عزت و احترام کے نتیجے میں ماں کے مُنہ سے نکلنے والی دعاؤں کے پُراثر واقعات بیان کئے گئے ہیں۔ مختلف مشاہیر کے تاثرات جو انہوں نے اپنی اپنی والدہ کے بارے میں بیان کئے ہیں' وہ بھی شامل اشاعت ہیں۔ اس کے علاوہ ماں کے نافرمانوں کے چند عبرتناک واقعات بیان کئے گئے ہیں۔ کتاب کا آخری حصہ موضوع سے متعلقہ نظموں پر مشتمل ہے۔

کتاب کا کاغذ سفید' جلد مضبوط اور ٹائٹل خوبصورت ہے تاہم کمپوزنگ اور پروف ریڈنگ میں احتیاط کو ملحوظ نہیں رکھا گیا۔ نظر ثانی کے بعد اغلاط کو دور کرنا ضروری ہے۔

© rasailojaraid.com